StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator ____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی-II

## حصہ اوّل (کل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) کارسازِ قضا و قدر نے حضور ﷺ کی میزبانی کا شرف کن کے لیے مخصوص کیا تھا؟

الف۔ قریش ب۔ کفار

ج۔ انصار د۔ اہلِ مکہ

(ii) بابر نے ہندوستان پر کتنی بار چڑھائی کی؟

الف۔ دو ب۔ تین

ج۔ چار د۔ پانچ

(iii) شاہ عبداللطیف نے کس گاؤں کی بنیاد رکھی؟

الف۔ بھوی ب۔ ٹمیاری

ج۔ بھٹ د۔ بالہ حویلی

(iv) نویں صدی سے تیرہویں صدی عیسوی تک مسلمان سائنسدانوں کا کیا تناسب رہا؟

الف۔ 35فیصد ب۔ 45فیصد

ج۔ 55فیصد د۔ 75فیصد

(v) مرزا ظاہر دار بیگ نے بھوک سے نڈھال کلیم کو کیا کھلایا؟

الف۔ چنے ب۔ چاول

ج۔ دال روٹی د۔ مزے دار کھانا

(vi) ''ماں باپ سدا ساتھ نہیں رہتے، رہے نام اللہ کا'' ڈراما 'اپنا اپنا راگ' میں یہ مکالمہ کس کردار نے ادا کیا؟

الف۔ جلیل ب۔ جیوال

ج۔ طاعت د۔ بیگم غیاث

(vii) امریکیوں نے سان فرانسسکو کس سے چھینا؟

الف۔ فرانس ب۔ جاپان

ج۔ برطانیہ د۔ ہسپانیہ

(viii) فرحت اللہ بیگ کے ساتھ مولوی وحید الدین کی ملاقات کہاں ہوئی؟

الف۔ حیدر آباد اسٹیشن ب۔ اورنگ آباد اسٹیشن

ج۔ دہلی اسٹیشن د۔ پانی پت

(ix) ''اس ناشاد نے دنیا کا کچھ نہیں دیکھا''

ڈراما 'انارکلی' کے درج بالا جملے میں ناشاد سے کون مراد ہے؟

الف۔ رانی ب۔ انارکلی

ج۔ دلارام د۔ خواجہ سرا

(x) مولوی عبدالحق کے پیرِ طریقت کون تھے؟

الف۔ شبلی نعمانی ب۔ علامہ اقبال

ج۔ سر سید احمد خاں د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

StudentBounty.com

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) مولانا ظفر علی خاں مشاعرے کو کیا بنا دیتے تھے؟

الف۔ پُرلطف ب۔ پُرکیف

ج۔ دلی دروازے کا جلسہ د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) مولوی عبدالحق کہاں کے رہنے والے تھے؟

الف۔ پانی پت ب۔ ہاپڑ

ج۔ حیدرآباد د۔ نئی دہلی

(xiii) خمستانِ ازل کا ساقی کس کو کہا گیا ہے؟

الف۔ حضرت آدم علیہ السلام ب۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام

ج۔ حضرت محمد ﷺ د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiv) نظم ' ریل کا سفر ' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ مجید امجد ب۔ سیّد ضمیر جعفری

ج۔ اسرار الحق مجاز د۔ انور مسعود

(xv) اُردو شاعری کی آبرو کس صنفِ سخن کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ حمد و نعت ب۔ قصیدہ

ج۔ غزل د۔ مثنوی

(xvi) علامہ اقبالؔ کے مطابق لالے کی حنا بندی کون کرتا ہے؟

الف۔ پانی ب۔ مالی

ج۔ فطرت د۔ رنگ

(xvii) خواجہ میر دردؔ کس قسم کے شاعر تھے؟

الف۔ صوفی ب۔ رومانی

ج۔ جدید د۔ مزاحیہ

(xviii) ''کاغذ اور قلم لاؤ''۔ دیے گئے جملہ میں **''اور''** قواعدِ زبان کی رو سے کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ حرفِ علّت ب۔ حرفِ ربط

ج۔ حرفِ عطف د۔ حرفِ استفہام

(xix) ''کیا خوب سودا نقد ہے **:** اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے'' اس مصرع میں استعمال ہونے والی علامت ( **:** ) کون سی علامت ہے؟

الف۔ سکتہ ب۔ وقفہ

ج۔ تفصیلیہ د۔ رابطہ

(xx) ''سپاہی کو دیکھ کر چور بھاگنے لگا'' دیے گئے جملے میں امدادی فعل کون سا ہے؟

الف۔ دیکھ ب۔ کر

ج۔ بھاگنے د۔ لگا

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر: ____

-----2HA 1303 -----

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے                                        کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

**سوال نمبر۲:** درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) نظم 'سورۂ رحمٰن' میں انسان کو فنا انجام کیوں کہا گیا ہے؟

(ii) نظم 'فرضی لطیفہ' میں اکبر مسلمانوں کی خوشحالی سے مایوس کیوں تھے؟

(iii) شاعر احسان دانش کی مطابق زنداں کے دروازے پر تصویر آزادی ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(یا)

نظم 'ہری بھری فصلو' میں شاعر نے جھومتے کھیتوں کو ہستی کی تقدیر و کیوں کہا ہے؟

(iv) ڈراما 'انار کلی' کی کہانی کی تائید تاریخ کی کسی کتاب سے ہوتی ہے یا نہیں؟ اگر ہاں تو کتاب کا نام لکھیے اور اگر نہیں تو پھر اس کہانی کی حیثیت کیا ہے؟

(v) فیثا غورث اور بطلیموس کون تھے؟

(vi) طعامی اڈے کیا ہوتے ہیں؟

(یا)

مانجھے بٹھانے کی رسم پر روشنی ڈالیے۔ (بحوالہ ناول ___ آنگن)

(vii) میر دردؔ کے مطابق '' بیعت دستِ سبو '' سے کیا مراد ہے؟

(viii) مصحفیؔ کے بقول سنگِ مزار کو کیا خطرہ درپیش ہے؟

(ix) غالبؔ کے نزدیک آدمی رسوائی سے کیسے بچ سکتا ہے؟

(یا)

اقبالؔ کس چیز کو متاعِ بے بہا قرار دیتے ہیں؟

(x) **آنا ، دینا ، سکنا** کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) کسی بات کے سبب اور وجہ کو ظاہر کرنے والے حروف کو قواعد کی زبان میں کیا کہتے ہیں؟ ایسے دو حروف جملوں میں استعمال کریں۔

(یا)

حروفِ شرط والے کوئی سے تین جملے تحریر کریں۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ ماموں بھانجا لڑ پڑا۔

ب۔ ولی کو ولی پہچانتے ہیں۔

ج۔ اُس کا مکان، دکانیں اور جائیداد سب بک گئی۔

**سوال نمبر۳۔** دوست کے نام خط لکھ کر اُس کی والدہ کی وفات پر تعزیت کیجیے۔ (8)

(یا)

پرانے درخت کی آپ بیتی لکھیں۔

StudentBounty.com

# حصہ سوم (کُل نمبر 36)

**سبق اور مُصَنِّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+4=6)**

الف۔ حقیقت یہ ہے کہ خوش عقیدہ لوگ اپنے مرکزِ عقیدت کو قدرت کا ایک خاص کرشمہ قرار دینے کی غرض سے ایسی داستانیں تیار کر لیتے ہیں لیکن شاہ صاحب کی تعلیم و تدریس کا پیمانہ کتنا ہی اونچا فرض کر لیا جائے، اُس کے باوجود وہ قدرت کے لطف و کرم کا ایک خاص کرشمہ رہتے ہیں۔ جو کتابیں شاہ صاحب نے پڑھیں۔ وہ ہر دور میں ہزاروں نے پڑھی ہوں گی، بلکہ اکثر کا مطالعہ شاہ صاحب سے یقیناً بدرجہا وسیع تھا تاہم ان میں سے کوئی بھی پر تاثیر حقائق گوئی میں شاہ عبداللطیف نہ بن سکا۔

ب۔ اِس شہر کی تاریخ ضعیف ہے یہ خود جوان ہے۔ یہ اپنے افسانوی گزشتہ ''طلائی تمدن'' کو مُڑ مُڑ کر دیکھتا ہے۔ ذرا خاموشی سے سُنیں تو اس کے سمندری ساحلوں کی بلند موجوں میں کئی شور پنہاں ہیں۔ شروع میں آبی پرندوں کے غولوں کا، پھر ازلی باشندوں کے منتروں کا، کبھی برطانیہ کے ''سمندری کتوں'' کا کبھی قدیم مبلغوں کی کلیسائی گھنٹیوں کا۔

**سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** **(1+1+4=6)**

الف۔
جس قصر کا تھا سر بفلک گنبدِ اقبال
ادبار کی اَب گونج رہی اس میں صدا ہے
وہ روشنئ بام و درِ کشورِ اسلام
یاد آج تلک جس کی زمانے کو ضیا ہے

ب۔
ایک رخشِ بے عناں کی برق رفتاری کے ساتھ
خندقوں کو پھاندتی ٹیلوں سے کتراتی ہوئی
مرغزاروں میں دکھاتی جوئے شیریں کا خرام
وادیوں میں اَبر کے مانند منڈلاتی ہوئی

**سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** **(3+3+3=9)**

الف۔
ہم نہ جانے پائے باہر آپ سے
وہ ہی آڑے آ گیا، جیدھر چلے

ب۔
دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

ج۔
ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

د۔
تھپیڑے وقت کے کتنے سبق آموز ہوتے ہیں
زمانہ بھی تو کارِ سیلِ اُستاد کرتا ہے

ہ۔
کچھ ٹھوکریں تو کھا چمک اٹھیں گی منزلیں
پائے طلب کو فکرِ سلامت روی نہیں

**سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں:** **(15)**

الف۔ سیلاب زدگان کی مدد اور بحالی

ب۔ تہذیب مغرب کی یلغار

ج۔ دہشت گردی کی لہر

د۔ عمل سے زندگی بنتی ہے، جنت بھی جہنم بھی